الإيمان بالرسل

رسولوں پر ایمان

فضيلة الشيخ

د. هيثم بن محمد سرحان

المدرس بالمسجد النبوي

سابقا والمشرف على

موقع : المعهد العلمي

MAHASUNAH.COM

SARHAAN.COM

ترجمة : اردو

محمد جميل العلوي

رسولوں پر ایمان

(اللہ تعالی نے مومنوں پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں انہی میں سے ایک پیغمبر بھیجے جو ان کو خدا کی ایتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور ان کو پاک کرتے اور خدا کی کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے) سورۃ ال عمران 164

رسولوں پر ایمان لانا ارکان ایمان میں سے ایک رکن ہے اور عقیدے کے اہم واجبات میں سے اہم واجب ہے رسول اللہ کا پیغام پہنچانے والے ہیں اور اس کی مخلوق پر حجت ہیں پس رسولوں کا بھیجنا مخلوق کیطرف اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے اور خاص کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ خاتم النبیین ہیں اور سب سے افضل رسول ہیں رسولوں میں .

رسولوں پر ایمان کا تقاضا ہے اس چیز کی تصدیق کرنا کہ اللہ تعالی نے ہر امت میں انہی میں سے رسول بھیجا جو ان کو اللہ کی عبادت کی دعوت دیتا ہے اور اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت سے انکار کرتا ہے یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ تمام سچے ہیں اور انہوں نے پہنچا دیا مکمل جو اللہ تعالی نے ان کے ذریعے بھیجا پس انہوں نے نہ چھپایا اور نہ تبدیل کیا اور اس چیز پر ایمان لانا کہ ان کی دعوت ایک ہے توحید کی دعوت .

فرمان باری تعالی ہے : (اور جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے ان کی طرف یہی وحی بھیجی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری ہی عبادت کرو) بعض مسائل و احکام میں وہ مختلف ہیں

اللہ تعالی کا فرمان ہے : (ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے)

یہ عقیدہ رکھنا کہ جس نے ایک رسالت کا انکار کیا اس نے تمام کا انکار کر دیا فرمان باری ہے : (قوم نوح نے رسولوں کو جھٹلایا) بس اللہ تعالی نے ان کےجھٹلانے کو تمام رسولوں کو جھٹلانا قرار دیا اگرچہ اس وقت ان کے علاوہ کوئی اور رسول نہیں تھا .

ایمان لانا کہ اللہ تعالی نے انہیں حیرت انگیز معجزات سے نوازا اور واضح نشانیوں کے ساتھ .

اس چیز کی تصدیق کرنا کہ جو ان سے صحیح ثابت ہے اور ایمان لانا کہ ان میں سب سے اخری نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اپ کے بعد کوئی نبی نہیں ائے گا فرمان باری ہے : (محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں بلکہ اللہ کے پیغمبر اور نبیوں کی نبوت کی مہر یعنی اس کو ختم کر دینے والے ہیں اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے .)

اس چیز کا عقیدہ رکھنا کہ ان کے منزلوں اور مرتبوں کے اندر تفاوت ہے اوران میں سب سے افضل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں رسولوں پر ایمان لانے کے بہترین ثمرات ہیں

اللہ تعالی کی رحمت اور اپنی مخلوق کے ساتھ عنایت کہ اس نے ان کی طرف رسولوں کو بھیجا ان کی رہنمائی اور ہدایت کے لیے ،

اللہ تعالی کی اس عظیم نعمت پر شکر ادا کرنا . رسولوں سے محبت کرنا اور ان کا احترام کرنا ان کی تعریف کرنا جس کے وہ لائق ہے کیونکہ وہ اللہ کے پیغام رساں ہیں اور اس کے بندوں میں سے چنے ہوئے بندے ہیں.

اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اسکا اپنی بعض مخلوقات کے انتخاب اور ایک دوسرے پر اس کی ترجیح کو جاننا . اور بعض کو بعض پر فوقیت دینا .

اس چیز کو مضبوطی سے تھام لینا جو یہ (رسول) لے کر آئے کیونکہ یہی وہ راستہ ہے جو دنیا اور آخرت کی سعادت تک پہچاتا ہے .